# نوجوان ایک دوراہے پر۔ بطور والدین آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کے بچے کو ایک تحقیقی پروجیکٹ بعنوان ''نوجوان ایک دوراہے پر'' میں حصہ لینے کیلئے دعوت دی گئی ہے۔ یہ سکول کی سرگرمیوں کا حصہ نہیں ہے اور آپ کے بچے کے سکول سے کوئی پابندی نہیں کہ بچے اِس میں حصہ لیں۔ اِس میں شرکت کرنا مکمل طور پر رضاکارانہ یعنی بچوں کی اپنی مرضی پر ہے۔

## تحقیق کے بارے معلومات

نوجوان ایک دوراہے پر برطانیہ کی یونیورسٹی آف مانچسٹر اور آسٹریلیا کی یونیورسٹی آف میلبورن کا ایک تحقیقی پروجیکٹ ہے۔
یونیورسٹی آف مانچسٹر میں (حوالہ نمبر 2021–11462–18689) اور یونیورسٹی آف میلبورن میں (حوالہ نمبر 3-17977-21640-2021) کے تحت اِس پروجیکٹ کو تحقیقی اخلاقیات کمیٹی سے منظوری حاصل ہے۔

اِس پوجیکٹ کا مقصد یہ معلوم کرنا ہے کہ خاندان موسمیاتی تبدیلیوں میں کیسے ڈھل رہے ہیں۔ بالخصوص ایسے خاندان جہاں والدین میں سے کوئی ایک یا زیادہ کسی دوسرے ملک سے ہجرت کر کے آئے ہوں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اُن لوگوں سے سننا اہم ہے جو شاید پہلے ہی کسی دوسرے ملک میں خشک سالی یا شدید موسم جیسے مسائل سے نمٹنے کا تجربہ رکھتے ہوں اور جن کے پاس ایسی معلومات ہوں جن سے وہ برطانیہ یا آسٹریلیا کے لوگوں کو آگاہ کر سکیں۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ آج کے نوجوان موجودہ اور مستقبل میں موسمیاتی تبدیلیوں کے بارے کیسے علم حاصل کرتے ہیں اور پھر کیا اقدامات اٹھاتے ہیں کو سمجھنا بھی اہم ہے۔

## کیا شامل ہے؟

اگر آپ کا بچہ تحقیق میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتا ہے تو وہ ایک محقق اور 14–18 سال کی عمر کے دیگر نوجوانوں کے ساتھ زوم ویڈیو کال کے ذریعے پروجیکٹ میں شرکت کریں گے۔ محقق کو نوجوانوں کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ ہے اور حفاظتی اقدامات کیلئے بھی اُن کی مناسب چھان بین ہو چکی ہے۔

- یہ ویڈیو کال سکول اوقات کے بعد کسی مناسب وقت پر کی جائیں گی۔
- جولائی اور دسمبر 2021 کے مہینوں کے درمیان کل سات 7 کالیں کی جائیں گی۔
- ہر ایک کال کا دورانیہ پنتالیس 45 سے ساٹھ 60 منٹ کا ہوگا۔
- آپ کا بچہ اِس کیلئے تیاری وغیرہ کیلئے آپ سے بھی اِس سلسلہ میں بات چیت کرے گا۔

## نئی تحقیق مہارتیں سیکھیں

پروجیکٹ کے دوران، آپ کا بچہ والدین کا تحقیقی انٹرویو کرنے کے بارے میں تربیت حاصل کرے گا۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اب سے فیصلہ کریں کہ کیا آپ اپنے بچے کو اپنا انٹرویو دینے میں خوش ہوں گے۔ اگر آپ انٹرویو دینے پر رضامند ہیں تو محقق انٹرویو کو ریکارڈ کرنے کی اجازت چاہیں گے۔ آواز کی یہ ریکارڈنگ پروجیکٹ میں شامل دوسرے محققین کو ہی سنائی جائے گی اور اُسے عوام میں نہیں لایا جائے گا۔

آپ کا بچہ آپ سے کئے جانے والے سوال خود تیار کرے گا۔ وہ مختلف مقامات پر ماحولیاتی چیلنجوں کے ساتھ رہنے کے آپ کے تجربات پر توجہ مرکوز کریں گے۔ تحقیق اور انٹرویو کرنے کی مہارت حاصل کرنے کے موقع سے آپ کے بچے کو اپنے مستقبل کی ملازمت یا یونیورسٹی میں تعلیم کیلئے ایک گراں قدر تجربہ فراہم کرے گا۔

## پروجیکٹ کی کتاب میں حصہ ڈالیں

ہر خاندان کو پروجیکٹ کی کتاب میں دو صفحات لکھنے کا موقع ملے گا جوایسی کہانیوں پر مشتمل ہوگی کہ پروجیکٹ میں شرکت کرنے والے خاندان آسٹریلیا، برطانیہ اور دیگر مقامات پر جہاں وہ رہتے رہے ہیں اپنے آپ کو موسمیاتی تبدیلیوں میں کیسے ڈھالا ہے۔ یہ کتاب پروجیکٹ کے ویب سائیٹ پر دستیاب ہوگی اور پروجیکٹ میں حصہ لینے والے تمام خاندانوں اور اساتذہ کو بھی دی جائے گی۔ خاندان اِس کتاب میں ایسے انداز میں شرکت کرسکتے ہیں جس سے اُن کی شناخت ظاہر نہ ہو۔ شائع ہونے سے پہلے خاندان کتاب پر نظرثانی کریں گے۔

## مزید معلومات

پروجیکٹ میں حصہ لینا بالکل رضا کارانہ ہے۔ اگر آپ اور آپ کا بچہ حصہ لینے کا فیصلہ کریں تو محققین اِس پروجیکٹ کو لطف اندوز بنانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اِس سے آپ کو بچے کی تعلیم اور مستقبل میں یونیورسٹی اور ملازمت کی تیاری کرنے میں فائدہ ہوگا۔

اگر آپ کے بچے کی عمر سولہ 16 سال سے کم ہے تو اُنہیں پروجیکٹ میں حصہ لینے کیلئے اجازت درکار ہوگی۔ آپ کے بچے کی عمر جو بھی ہو اِس سے پہلے کہ وہ پروجیکٹ میں شرکت پر رضامندی کا اظہار کریں آپ کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ کیا آپ خوش ہیں کہ وہ آپ کا انٹرویو کریں۔

اِس معلومات کو پڑھنے کا شکریہ۔ اگر آپ نے کوئی سوال پوچھنا ہو تو معلومات بھیجنے والے محقق سے رابطہ کریں جو بخوشی آپ سے بات کرنے کا انتظام کریں گے۔

THE UNIVERSITY OF MELBOURNE

MANCHESTER 1824 The University of Manchester